# ناردرن نےبلوچستان کو 7وکٹوں سے شکست دےکر پوائنٹس ٹیبل پر پہلی پوزیشن حاصل کرلی

- شاداب خان کی عمدہ باؤلنگ، 4 کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی
- اوپنر علی عمران اور وکٹ کیپر روحیل نذیر کی نصف سنچریاں
- بلوچستان کے آلراؤنڈر حسین طلعت کے 77 رنز رائیگاں

**لاہور،22اکتوبر 2019ء:**

اقبال اسٹیڈیم فیصل آباد میں جاری نیشنل ٹی ٹونٹی کپ میں منگل کے روز کھیلے جانے والے دوسرےمیچ میں ناردرن نے بلوچستان کو7 وکٹوں سے شکست دے دی۔ ناردرن کی جانب سے لیگ اسپنر شاداب خان نے 4 شکار کیے۔ علی عمران اور روحیل نذیر کی نصف سنچریوں نےفتح میں کلیدی کردار ادا کیا۔

اس سے قبل ناردرن کے کپتان عماد وسیم نے ٹاس جیت کر پہلےفیلڈنگ کا فیصلہ کیا۔ ناردرن کی مضبوط باؤلنگ لائن اپ کے سامنے حسین طلعت کے علاوہ بلوچستان کا کوئی بھی بلے باز زیادہ دیر وکٹ پر نہ ٹھہر سکا۔لیگ اسپنر شاداب خان کی گھومتی گیندوں نے حریف بلے بازوں کو رنز بنانے کا موقع نہ دیا۔ بلوچستان کے 5 کھلاڑی ڈبل فگر میں داخل نہ ہوسکے۔محض 97 رنز پربلوچستان کے 7 کھلاڑی پویلین واپس لوٹ گئے۔آٹھویں وکٹ کی شراکت کے لیے حسین طلعت اور عمر گل کے درمیان 44 رنز کی اہم شراکت قائم ہوئی۔ حسین طلعت نے 51 گیندوں پر 9 چوکوں ا ور 2 چھکوں کی مدد سےناقابل شکست 77 رنز بنائے۔ عمر گل 13 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔ بلوچستان نے مقررہ 20 اوورز میں 8 وکٹوں کے نقصان پر 155 رنز بنائے۔ ناردرن کی جانب سے شاداب خان نے 26 رنز کے عوض 4 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ تجربہ کار میڈیم پیسر سہیل تنویر اور فاسٹ باؤلر محمد عامر نے2،2 وکٹیں حاصل کیں۔

156 رنز پر مشتمل ہدف کے تعاقب میں ناردرن کی جانب سے اننگز کا آغاز بھی متاثر کن نہ رہا اور صرف 18 رنز پر 2 کھلاڑی پویلین واپس لوٹ گئے، جس کے بعد اوپنر علی

عمران اور وکٹ کیپر بیٹسمین روحیل نذیر نے ذمہ دارانہ کھیل کا مظاہرہ کیا۔ د ونوں کھلاڑیوں نے تیسری وکٹ کی شراکت میں 105 رنز جوڑے۔علی عمران نے 37 گیندوں پر 65 رنز بنائے۔ ان کی اننگز میں 8 چوکے اور 2 چھکے شامل تھے۔ روحیل نذیر نے ناقابل شکست 56 رنز بنائے۔ناردرن نے مطلوبہ ہدف17اوورز میں 3 وکٹوں کے نقصان پر حاصل کرلیا۔بلوچستان کی جانب سے عاکف جاوید اور عمر گل نے 1،1 کھلاڑی کو آؤٹ کیا۔

ایونٹ میں سیمی فائنل میچز بدھ کے روز کھیلے جائیں گےجہاں پوائنٹس ٹیبل پر پہلے نمبر پر براجمان ناردرن کی ٹیم خیبرپختونخوا کے مدمقابل آئے گی ۔بلوچستان اور سدرن پنجاب کے درمیان دوسرا سیمی فائنل بھی 23 اکتوبر کو ہی کھیلا جائے گا۔ دونوں میچز اقبال اسٹیڈیم فیصل آباد میں کھیلے جائیں گے۔

– ENDS –

Media contact:

**Ibrahim Badees Muhammad**
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk